13083CH09

# متضاد الفاظ

# (Antonyms)

درج ذیل جملوں میں خط کشیدہ الفاظ پر غور کیجیے:

- صبح ہوتی ہے، شام ہوتی ہے۔
- زندگی میں اتار چڑھاؤ تو آتے ہی رہتے ہیں۔
- تمھیں اچّھے برے کی پہچان ہے کہ نہیں۔
- زندگی خیر و شر کا مجموعہ ہے۔
- تجارت میں نفع نقصان تو لگا ہی رہتا ہے۔

خط کشیدہ الفاظ ایک دوسرے کے الٹ معنی دیتے ہیں۔

”وہ الفاظ جو معنی میں ایک دوسرے کی ضد ہوں، انھیں متضاد الفاظ کہا جاتا ہے۔“

© NCERT not to be republished

# مرکّب الفاظ

# (Compound Words)

نیچے دیے گئے لفظوں پر غور کیجیے:

| | | |
|---|---|---|
| گھوڑا گاڑی | ڈاک گھر | پن چکّی |
| عبادت خانہ | شیش محل | گھڑسوار |

یہاں ہر مثال میں دو لفظ آئے ہیں اور دونوں کے اپنے معنی ہیں۔ ''گھوڑا گاڑی'' میں ''گھوڑا'' ایک جانور اور ''گاڑی'' ایک خاص چیز ہے لیکن دونوں کے ایک ساتھ آنے سے جو نیا لفظ ''گھوڑا گاڑی'' بنا ہے، وہ ایک تیسری چیز کا نام ہے۔

''پن چکّی'' میں ''پن'' لفظ ''پانی'' کا مختصر روپ اور ''چکّی'' ایک مشین ہے۔ پن + چکّی سے جو نیا لفظ بنا ہے، وہ دونوں سے الگ اسم ہے۔

''دو مختلف معنی رکھنے والے لفظوں کے ملنے سے جو نیا لفظ بنتا ہے، اسے مرکب لفظ کہتے ہیں۔''

© NCERT not to be republished